Freundeskreis Asyl Ostfildern

تنظیم حلقہ احباب برائے سیاسی پناہ گزین اوسٹ فِلڈرن

جرمنی میں آمد یا میں بطور سیاسی پناہ گزین جرمنی میں صورتحال سے کس طرح سے نپٹوں

یہ گائڈ لائن یا راہنمائی کے لئے کتاب ہدایت تنظیم حلقہ احباب برائے سیاسی پناہ اوسٹ فِلڈرن کے ممبران نے اوسٹ فِلڈرن کے سیاسی پناہ گزینوں کے لئے تحریر کی ہے۔ نئے آنے والوں کے لئے اس میں اہم معلومات مہیّا کی گئی ہیں اور مختلف اُمور کے لئے زندگی کے مختلف پہلوؤں کے لئے راہنمائی کی گئی ہے۔ یہ مفید مشورے سیاسی پناہ گزینوں کے لئے جرمنی کی روز مرّہ کی زندگی کو آسان بنانے کے کام آئیں گے۔ اور یہ باتیں آپ کے لئے مددگار ثابت ہوں گی کہ آپ بعض مخصوص قسم کی غلطیوں سے دُور رَہیں اور ان غلطیوں سے بچے رہیں جن کے لئے آپ سے پہلے آنے والوں نے کسی حد تک بھاری قیمت چکائی ہے۔

یہ معلومات اکٹھی کر کے ترتیب دینے والے ہیں:

Mitglieder des Freundeskreises Asyl Ostfildern e.V.

© Freundeskreis Asyl Ostfildern e.V., April 2015,

zweite Auflage, Dezember 2015

اراکین فرینڈز سرکل آف اسائلم (تنظیم سیاسی پناہ کے لئے حلقہ احباب) رجسٹرڈ

تنظیم حلقہ احباب برائے اسائلم اوسٹ فِلڈرن رجسٹرڈ، اپریل 2015

اشاعت ثانی، دسمبر 2015

ماخذ کی وضاحت کے لئے فرینڈز کے ہوم پیج (ویب سائیٹ) سے مفت معلومات ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

http://fkasyl-ostfildern.de

فہرست عناوین:

1 ۔ مشترکہ قیام گاہ ۔ اجتماعی رہائش

1.1 قواعد وضوابط قیام گاہ

1.2 رات کا آرام

1.3 آگ سے بچاؤ

1.4 باورچی خانے (کچن)

1.5 ٹائلٹس ۔ بیت الخلا

1.6 مشترکہ اشیاء کا استعمال ۔ مصرف

1.7 سامان کھیل ۔ سپورٹس

1.8 نوٹس بورڈ ۔ بلیٹن بورڈ

2 ۔ کارکنان اجتماعی قیام گاہ

2.1 سوشل وَرکر

2.2 انچارج / افسر قیام گاہ

2.3 نگران ۔ سپروائزر

3 ۔ رضا کار مددگار افراد حلقہ احباب فرینڈز سرکل اسائلم اوسٹ فِلڈرن

3.1 زبان سکھانے کی تعلیم ۔ کلاسز برائے لینگویج

3.2 فری ٹائم پروگرام ۔ فارغ وقت مصروفیات کا پروگرام

3.3 سائیکلیں

3.4 مادی عطیہ جات

3.5 روزمرّہ کی زندگی میں مدد

-4 بس اور ریل

4.1 سٹٹگارٹ کی سمت میں سفر (WS)

4.2 ایسلنگن کی سمت میں سفر

4.3 بادن وورٹمبرگ ٹکٹ

4.4 بغیر ٹکٹ سفر

-5 صحت ۔ ہیلتھ

5.1 ڈاکٹر کے پاس وِزٹ (ڈاکٹر کے پاس جانا)

5.2 ڈاکٹر کی تجویز و تحریر کردہ نسخہ والی ادویات

5.3 ڈاکٹری نسخہ کے بغیر حاصل ہونے والی ادویات
6 ۔ استعمال۔مصرف
6.1 فیملی پاس۔کارڈ
6.2 معاہدہ اور خصوصی پیشکش
6.3 موبائل ٹیلیفون
6.4 ٹافل شاپ۔سستی دوکان
6.5 آلڈی اور لیڈل مارکیٹیں
6.6 پوسٹ کے ذریعے سپلائی یا ڈلیوری
7 ۔ بینک اکاؤنٹ
7.1 بینک کارڈ اور پن نمبر
7.2 اکاؤنٹ سٹیٹمنٹس
7.3 نقدادائیگی بہتر بینک کارڈ کے ذریعے ادائیگی کی نسبت
8 ۔ دستاویزات۔کاغذات
8.1 شناخت نامہ۔شناختی کارڈ
8.2 غلط استعمال اور دھوکہ دہی سے بچاؤ
9 ۔ انصاف/عدالتیں
9.1 پولیس
10 ۔ روزگار/کام
11 ۔ مقررہ طے شُدہ وقت/ملاقات
12 ۔ تحریری خط وکتابت
13 ۔ آئین
13.1 برابری حقوق۔مساوات

----

1 مشترکہ قیام گاہ۔اجتماعی رہائش (GU)

1.1 قواعدوضوابط رہائش گاہ۔رہنے سہنے کے قوانین وضوابط

جب آپ اس رہائش گاہ (ہائیم) میں رہنے کے لئے آئیں گے تو آپ کو یہاں رہنے سہنے سے متعلق قواعد وضوابط کی ایک کاپی یعنی نقل مہیّا کی جائے گی۔اس میں مِل جُل کر رہنے سے متعلق قوانین درج ہیں۔ یہ قواعد اور قوانین ضروری ہیں جب بہت سے افراد ایک نسبتاً تنگ جگہ میں مشترکہ طور پر رہائش پذیر ہوں۔ یہ قوانین تمام رہائشیوں کی بہتری کے لئے بنائے گئے ہیں جو اِس رہائش گاہ (ہائیم) میں رہ رہے ہیں۔آپ کے لئے لازم ہے کہ آپ ان قوانین سے آگاہی حاصل کریں اور اِن قواعد وضوابط پر عمل کریں۔اس طرح سے لڑائی جھگڑے کی صورتحال کو کنٹرول کر کے اُسے نیچے لایا جاسکتا ہے۔

آپ کو جرمنی میں بہت سے کاموں کے لئے آزادی ہے مگر آپ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے آپ کے ساتھ رہنے والوں کی حق تلفی ہو یا اُنہیں اس سے تکلیف پہنچتی ہو۔

مہمانوں کو اجتماعی قیام گاہ میں رات ٹھہرنے کی اجازت نہیں ہے۔

1.2 رات کا آرام

رات 10 بجے سے لے کر صبح 6 بجے تک مکمل خاموشی ہونی چاہیئے تا کہ نیند اور آرام میں کوئی خلل نہ پڑے۔ ہائیم میں موجود ہر شخص کو خاموشی اختیار کرنی ہوگی اور شور وغل سے پرہیز کرنا ہوگا تا کہ دوسرے تمام افراد آرام سے سوسکیں۔اُونچی آواز میں گفتگو، بات چیت اور میوزک سُننا یا بجانا اس دَوران میں سختی سے منع ہیں۔اگر آپ رات کو میوزک سُننا چاہتے ہیں تو ہیڈ فونز استعمال کریں۔ براہ کرم دوسروں کا خیال رکھیں۔یہ آپ کی بھی قیام گاہ یعنی آپکا بھی گھر ہے۔

1.3 آگ سے تحفظ، بچاؤ

آگ سے بچاؤ کے لئے نصب شُدہ سموک ڈیٹکٹر دُھوئیں کی اطلاع دینے والے آلات کو ہرگز ناکارہ نہ بنائیں، آگ بجھانے والے آلات یا مشینری کو کوئی نقصان نہ پہنچائیں۔ یہ آلات آگ لگنے یا بھڑک اُٹھنے کی صورت میں جان بچانے کے کام آتے ہیں۔ یہ تمام رہائشی افراد کے تحفظ کے کام آتے ہیں۔

1.4 باورچی خانے (کچن)

براہِ کرم باورچی خانے کو کھانے کے بعد اچھی طرح سے صاف کریں۔ترتیب ونظام کو خراب کر کے نہ جائیں۔ بے ہنگم صورتحال چھوڑ کر کچن میں نہ جائیں کیونکہ کُھلی پڑی کھانے پینے کی اشیاء کیڑے مکوڑوں اور چوہوں کو وہاں آنے پر آمادہ کرتی ہیں۔ یہ رہائش گاہ ہائیم آپ کا کچھ عرصہ کے لئے گھر ہے۔

دیگر لوگ جو سیاسی پناہ کی درخواست دیتے ہیں اور یہاں رہائش اختیار کرتے ہیں وہ بھی ایک صاف سُتھرے کچن باورچی خانے کو استعمال کرنا چاہتے ہیں!

1.5 ٹائلٹس ۔ بیت الخلا

ٹائلٹ کو صاف حالت میں چھوڑ کر جائیں ۔ ہر ٹائلٹ میں صفائی کے لئے ایک برش موجود ہے۔ اس اَمر کو یقینی بنائیں کہ صفائی کے بعد یہ برش بھی دوبارہ صاف ہو۔ اگر آپ کو ٹائلٹ کی صفائی کے لئے کسی دوسرے اُجالے (کلینگ ایجنٹ) کی ضرورت ہو تو ہاؤس ماسٹر یعنی نگران سپروائزر رقیام گاہ سے رابطہ کریں۔ اگر سب لوگ اس اُصول پر عمل کریں گے تو کوئی خرابی یا گڑبڑ نہیں ہوگی۔

1.6 مشترکہ اشیاء کا استعمال ۔ مصرف

وہ چیزیں جو آپ کی ملکیت نہیں مگر آپ کو استعمال کے لئے دی گئی ہیں اُنہیں انتہائی احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا ہوگا۔ دانستہ غارتگری یا تخریب کاری وتباہی و بربادی، قیام گاہ کے بیرونی احاطہ پر بھی، پراپرٹی یعنی جائیداد کو نقصان پہنچانا ہے۔ اسکے خلاف پولیس میں مقدمہ درج کروایا جائے گا۔

1.7 سامان سپورٹس

رہائش گاہ میں منتخب یعنی متعدد قسم کا سامان سپورٹس موجود ہے۔ جسے سب لوگوں کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ وہاں کچھ لوگ اُس کے لئے ذمہ دار ہیں۔ اُن کے نام آپ کو نوٹس بورڈ پر مِل جائیں گے۔ یہ فٹبال، فریزبی، والی بال کے بال، باسکٹ بال، بیڈمنٹن کا سامان، ویٹ لفٹنگ ٹیبل ٹینس کا سامان وغیرہ سب استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ استعمال کرنے کے بعد اس سامان کو اُس ذمہ دار شخص کے پاس واپس لا کر جمع کروائیں۔ کچھ لوگوں نے جو وہاں رہ رہے ہیں اپنا ذاتی سامان بھی خریدا ہوا ہے جو صرف اُن کی اجازت سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

1.8 نوٹس بورڈ

نوٹس بورڈ پِن بورڈ پر اہم اطلاعات موجود ہوتی ہیں جیسے اہم تقاریب (مثلاً شہر کے میلے، اوسٹ فلڈرن شہر کی تقاریب، سٹٹگارٹ، ایسلنگن کی سالانہ خرید وفروخت کی مارکٹیں وغیرہ)۔ اسی طرح سے تفریحی پروگرام جو کہ حلقہ احباب و دوست اسائلم تنظیم کی جانب سے بنائے جاتے ہیں (رضا کارانہ پیشکش کے طور پر)۔ براہِ کرم کسی بھی تازہ اطلاع یا معلومات کو اس بورڈ سے نہ اُتاریں۔ یہ تمام مکینوں یعنی رہائش پذیر افراد کے لئے ضروری اہمیت کی حامل ہیں۔

2 مشترکہ رہائش گاہ میں ذمہ داری اور فرائض

2.1 سوشل ورکر (AWO) مسٹر پیٹر زیلش Herr Peter Zillich

آج کل کے اوقات دفتر ہر ایک رہائش گاہ کے دفتر کے دروازہ پر لگے ہوئے موجود ہیں یا پھر نوٹس بورڈ پر آویزاں ہیں۔

اُمور / فرائض:

- تمام معاملات اور روزمرّہ کے مسائل میں مدد کرنا
- اسائلم سیاسی پناہ سے متعلق سوالات میں مدد، کام کے قانون سے متعلق مدد، وکیل ڈھونڈنے میں مدد
- خطوط و دستاویزات کو پڑھ کر سُنانا، اُنکا ترجمہ کرنا
- مالی معاملات میں مدد مثلاً قسطوں میں ادائیگی کے بارہ معاہدہ میں مدد کرنا
- بیماری کی صورت میں کلینک، ہسپتال بھجوانے میں مدد کرنا، ذہنی پریشانی کے لئے ڈاکٹر ڈھونڈ کر دینا

موبائل فون نمبر: پیٹر زیلش 0170/99 56 245

موبائل فون نمبر: لاؤرا ہاوَرکامپ 0151/19 33 65 14

ٹیلیفون: 07158/91 60 544 یا پھر 07158/91 60 545

E-mail: zillich.peter@awo-es.de , E-mail: haverkamp.laura@awo-es.de

2.2 انچارج آفیسر ہائیم رہائش گاہ (کمشنر آفس) برن ہارڈ مائر Herr Bernhard Mayer

آج کل کے اوقات دفتر ہر ایک رہائش گاہ کے دفتر کے دروازہ پر لگے ہوئے موجود ہیں یا پھر نوٹس بورڈ پر آویزاں ہیں۔

اُمور / فرائض:

- تمام اُمور میں جو اس رہائشی جگہ سے متعلق ہیں اُسے مکمل اختیارات و قانونی حقوق حاصل ہوں گے۔
- آگ سے بچاؤ کے قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کے لئے چیکنگ کرنا
- بیمار لوگوں کو علاج کے لئے ہیلتھ انشورنس سرٹیفکیٹ، واؤچر جاری کرنا
- کمروں کی تقسیم و تبدیلی مخصوص کرنے کا کام
- عمومی سوالات کے بارے میں، مشکلات اور مسائل کے بارے میں مدد
- ہیلتھ انشورنس کارڈ، واؤچر بنا کر دینا
- وفاقی ادارہ کے پاس انٹرویو کے لئے سفر کرنے کے ٹکٹ کا انتظام برائے مہاجرین و سیاسی پناہ گزین (BAMF)
- نقد رقوم کی ادائیگی یا چیک کا انتظام
- مہاجرین کو اجتماعی مشترکہ رہائش گاہ میں ایک یورو جاب کی بنیاد پر صفائی کے لئے ملازم رکھنا یا ہوم کیر ٹیکر کی نگہداشت پر فائز ہاؤس ماسٹر کے مددگار کے طور پر بھرتی کرنا۔

ڈیوٹی کا پتہ: Filderstadt (فلڈر شٹاڈ)

فون نمبر: 07158/91 60 544

ای میل: Mayr.Bernhard@lra-es.de

2.3 ہاؤس مائسٹر۔نگران سپروائزر مسٹر بیرنڈ ایگٹ مائر،مسٹر ڈوڈِک Mr. Bernd Egetmair, Mr. Dudek

دفتر کے واقات مخصوص نہیں ہیں۔ہاؤس مائسٹر ضرورت کے مطابق وہاں آ جاتے ہیں۔

فرائض:

- بلڈنگ، انسٹی ٹیوشن ادارہ ہٰذا کی نگرانی، خیال رکھنا، دیکھ بھال، جانچ پڑتال، حفاظت وغیرہ (ٹیکنکل اُمور، مشینری، مرمت اور اُن کی دیکھ بھال)
- نئے آنے والوں کے لئے جگہ، کمروں کی تیاری
- صفائی کی نگرانی اور چیکنگ
- انچارج مددگار برائے مہاجرین (ایک یورو جاب، ملازمت)

3 رضا کار۔ مددگار کارکن حلقہ دوست احباب اسائلم اوسٹ فِلڈرن

رضا کار مددگار کارکنوں کا ایک گروپ موجود ہے جو اپنے آپ کو حلقہ احباب ترائے سیاسی پناہ یعنی سرکل برائے اسائلم اوسٹ فِلڈرن کہتے ہیں یا کہلاتے ہیں۔ یہ لوگ صرف اس مقصد کے لئے آپ میں اکٹھے ہوتے ہیں کہ آپ لوگوں کی روزمرّہ کی زندگی میں مختلف معاملات و اُمور میں مدد کی جائے۔ ان میں سے اکثر لوگ انگریزی بولتے ہیں اور کچھ فرانسیسی زبان۔ کچھ رضا کار جو یہاں آتے ہیں وہ صرف ایک آدھ مرتبہ وِزِٹ کے لئے یا صرف ایک بات چیت گفتگو کی نشست کے لئے آتے ہیں۔

3.1 درس زبان / لینگوئج ٹیچنگ

جرمن زبان کا سیکھنا جرمنی میں ایک اچھے آغاز کے لئے بنیادی شرط ہے۔ اگر آپ یہاں کام کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو جرمن زبان پڑھنی لکھنی اور بولنی آنی چاہیئے۔

ہائیم یعنی آپ کی قیام گاہ میں رضا کارانہ طور پر پڑھانے والوں کے ایک گروپ کی جانب سے ہفتہ میں متعدد بار جرمن زبان سکھائے جانے کے لئے انتظام کیا جاتا ہے۔ ان پڑھانے والوں میں سے زیادہ تر کا تعلق تجربہ کار اساتذہ کے گروپ سے ہے۔ زبان کی ان کلاسوں میں مختلف معیار ہیں۔ علاوہ ازیں تیز کورسز بھی کبھی کبھار لگائے جاتے ہیں۔ بہتر معیار رکھنے والے زبان سیکھنے کی سوفٹ وئیر روزیٹا سٹون Rosetta Stone استعمال کر سکتے ہیں۔ زبان کی کلاسوں میں پڑھائی کے اوقات نوٹس بورڈ پر آویزاں ہوتے ہیں۔ آپ کی رہائش کے نزدیک لگے ہوئے پن بورڈ یعنی نوٹس بورڈوں پر۔

اگر آپ کو دَوران کلاس کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو مہربانی کر کے یہ مَت کہیں کہ آپ کو سمجھ آ گئی ہے۔ دیانتداری سے کام لیں! اُستاد سے سوال پوچھیں اور اُستاد کو کہیں جب آپ کو کسی بات کو سمجھنے میں دُشواری پیش آ رہی ہو۔ دوسروں کے ساتھ مل کر یعنی اکٹھے ایک ساتھ ہو کر کلاس کے کمرے میں ایک نئی زبان کا سیکھنا مایوسی کی طرف دھکیل دیتا ہے۔ لیکن اگر آپ مشق کرتے رہیں تو یقیناً آپ کامیاب ہو جائیں گے! صبر سے کام لیتے رہیں اور کلاس میں حاضر ہوتے رہیں، درس سُنتے رہیں۔ جرمن زبان کا سیکھنا نہ صرف مفید ہے بلکہ آپ لوگوں کو بہت خوشی ہوگی جب آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ بول چال کر سکیں گے، جب آپ کسی سے راستہ پوچھ سکیں گے، جب آپ خطوط پڑھ سکیں گے اور اپنے خطوط و ای میلز تحریر کر سکیں گے۔ ہم آپ کے لئے ہر طرح سے کامیابی کی خواہشات رکھتے ہیں اور آپ کو کامیاب ہونے کی دُعا دیتے ہیں! جب آپ کا کیس باقاعدہ طور پر منظور ہو جائے تو آپ کے لئے لازمی ہے کہ آپ معاشرے میں مدغم ہونے کے لئے انٹیگریشن کورس Integration Course مکمل کریں۔ یہ کورسز تعلیم بالغاں کے مراکز میں کروائے جاتے ہیں جیسے VHS (فولکس ہوخ شُولے)، پبلک سکول اوسٹ فلڈرن، ایسلنگن یا میٹیس ایسلنگن۔ اگر آپ نے جرمن زبان کا بنیادی کورس ہائیم (رہائش گاہ) میں کر لیا ہے تو پھر آپ کے لئے انٹیگریشن کورس میں سبق کو سمجھنے اور اس کے مطالب کو سمجھنے میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔

3.2 تفریحی پروگرام

کبھی کبھار تفریحی پروگرام کے سلسلہ میں سیر و تفریح کے پروگرام بنائے جاتے ہیں۔ یہ معلومات (جرمن اور انگریزی زبان میں) آپ ہائیموں میں قیام گاہوں میں نوٹس بورڈ پن بورڈ پر آویزاں کر دی جاتی ہیں۔ اگر آپ یہ دونوں زبانیں نہیں بولتے تو کسی سے درخواست کریں کہ وہ آپ کو ترجمہ کر کے بتا دے۔

اگر آپ اِن پروگراموں میں سے کسی ایک میں حصّہ لینا چاہتے ہوں تو اپنا نام (فیملی نام اور فرسٹ نام، اسی طرح سے کمرہ کا نمبر) نوٹس پر لکھیں۔ اس طرح سے منصوبہ بندی میں آسانی ہو جاتی ہے۔ مثلاً جیسا کہ کتنے ڈرائیورز کی ضرورت پڑے گی وغیرہ۔ بعض پروگراموں میں شامل ہونے والے افراد کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے لئے پھر لاگو ہوگا کہ جو پہلے اپنا نام لکھوائے گا، لکھے گا وہی شامل ہو سکے گا۔

3.3 سائیکلیں

حلقہ دوست احباب تنظیم اسائلم کے پاس عطیہ کے طور پر دی گئی سائیکلیں موجود ہیں۔ یہ ہمیشہ بالکل چلائے جانے کے قابل نہیں ہوتیں۔ بہت سی سائیکلوں کو نئی لائٹ یا متبادل پرزوں کی ضرورت ہے اور اس طرح سے تنظیم کے رضا کار کارکن ان کی مرمّت کا کام کرتے ہیں۔ اس وجہ سے آپ کو اپنے طور پر 10 یورو اور 40 یورو کے درمیان ایک سائیکل کے لئے ادائیگی کرنا ہوگی سائیکل کی حالت کے مطابق۔ اپنے سائیکل کو محتاط طریق سے سنبھال کر استعمال کریں۔ متبادل پُرزے اور مرمّت کے اخراجات اپنے سائیکل کے لئے آپ کو خود ادا کرنے ہوں گے۔ یہ ممکن ہے کہ کارکنوں میں سے کوئی شخص آپ کی چھوٹی موٹی مرمّت کے لئے مدد کردے۔ یہ بات مشورہ اور نصیحت کے قابل ہے کہ ایک اچھا سائیکل کا تالا خریدا جائے (اچھی کوالٹی کا تالا)۔ سائیکل چور ہر جگہ موجود ہیں۔

3.4 عطیہ جات اشیائے استعمال

بہت سے شہری جن کا تعلق اوسٹ فِلڈرن سے ہے کپڑوں اور گھریلو اشیاء مہاجرین کے لئے عطیہ کے طور پر دیتے ہیں۔ آپ کپڑے اور گھر کی اشیاء اپنے ذاتی استعمال کے لئے چُن سکتے ہیں۔ براہ مہربانی صرف وہی کچھ ساتھ لے جائیں جس کی آپ کو واقعی ضرورت ہے۔ ان اشیاء کی تجارت ممنوع ہے یعنی اس کی اجازت نہ ہوگی۔

3.5 روزمرّہ کاموں میں مدد

بہت سے رضا کاروں کی ایک ٹیم موجود ہے جو آپ کو مختلف مقامات پر اہم کاموں کے لئے آپ کے ساتھ جاتے ہیں یا ہمراہ لے جاتے ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر کے پاس، سرکاری دفاتروں میں، سٹی ہاؤس میں رجسٹریشن کے لئے یا پھر زبان سیکھنے والے سکولوں میں۔ یہ سب لوگ جو رضا کارانہ طور پر آپ کے کاموں میں مدد دیتے ہیں ان کی اپنی فیملی بھی ہے، یہ لوگ اپنی نوکری ملازمت بھی کرتے ہیں اور پھر بھی آپ کے لئے وقت نکالتے ہیں تاکہ آپ کی مدد کی جاسکے۔ بہت ضروری ہے کہ آپ تمام ایسے کاموں کے لئے مقررہ وقت پر آئیں، مقررہ جگہ پر پہنچیں اور مقررہ کام کے وقت کو نہ بھولیں۔ اسی طرح سے ان مددگار کارکنوں کے ساتھ جو رضا کارانہ طور پر آپ کی خدمت کرتے ہیں ان سے عزّت واحترام سے پیش آئیں۔

4 بس اور ریل

4.1 سٹٹگارٹ کی طرف سفر

سٹٹگارٹ کے شہر اور سٹٹگارٹ کے مرکزی ریلوے سٹیشن پر پہنچنے کے لئے انڈر گراونڈ ٹرین نمبر 7 (U7) جس پر مونشیس فیلڈ Mönchsfeld (آخری سٹاپ کا نام ہے) لکھا ہوا استعمال کریں۔ واپسی سفر اوسٹ فِلڈرن کی طرف (U7) انڈر گراونڈ ٹرین نمبر 7 لیں۔

انتباہ: اجتماعی قیام گاہیں (ہائمیں) ''برون ویزن شٹراسے'' اور ''رائن ایکر شٹراسے'' سے سٹاپ "Ruit" روایٹ اور ہوئے ماڈن "Heumaden" کے درمیان میں واقع ہیں۔ اگر آپ روایٹ سے سفر شروع کریں تو آپ کو 3 زون کی ٹکٹ لینی ہوگی۔ اگر آپ ہوئے ماڈن سے سفر شروع کریں تو 2 زون کا ٹکٹ لینا ہوگا۔

اِن قیام گاہوں کے مکینوں یعنی یہاں رہنے والوں کو تین زون کا ٹکٹ درکار ہوگا، 3 زون کا ٹکٹ لینا ہوگا۔ شارن ہاؤزن Scharnhausen ، یان شٹراسے Jahnstraße اور شارن ہاؤزر پارک Scharnhausen Park ، تھیوڈور۔ روٹ شیلڈ شٹراسے Theodor-Rethschildstraße (سٹاپ کراوٹس برونن (Haltestelle Kreuzbrunnen) ، نیلنگن Nellingen ، ولہیلم شٹراسے Wilhelmstraße اور ڈائیملر شٹراسے Daimlerstraße (آخری سٹاپ اوسٹ فِلڈرن Endhaltestelle Ostfilden) ، اِسی طرح سے قیام گاہیں، رہائش گاہیں جو کہ پاراسیلسوس ہسپتال کے نزدیک ہیں (Paracelsus - Krankenhaus) بس نمبر 131 اور انڈر گراونڈ 7 ، سٹاپ Heumaden ہوئے ماڈن (Bus 131 und U7, Haltestelle Heumaden)۔

ایک سنگل ٹکٹ 2 زون کے لئے کی قیمت 2,80 یورو ہے، 3 زون کا ٹکٹ 4,00 یورو کا ہے۔ آنے اور جانے کے لئے آپ کو 2 ٹکٹ سنگل سفر کے لئے خریدنے ہوں گے۔

بہتر ہوگا کہ آپ 4 ٹکٹوں والا ٹکٹ پیک ایک مرتبہ خرید لیں۔ 4 ٹکٹ پیکج 2 زون کے لئے کی قیمت 10 یورو 60 سینٹ (10,60 یورو) ہے، 3 زون کے لئے اس کی قیمت 15,20 یورو ہے۔ اس طرح آپ اس ٹکٹ میں دو دفعہ سٹٹگارٹ جا اور آ سکتے ہیں۔

اہم بات: 4 ٹکٹ والا یہ پیکج ٹکٹ اس کی چار دھاریاں یا پٹیاں ہیں۔ ہر سفر سے پہلے ایک پٹی یا دھاری کو پنچ کرنے یعنی اُس پر مہر لگوانا ضروری ہے۔ پنچ کرنے والی مہر لگانے والی آٹو میٹک مشینیں انڈر گراونڈ ٹرین میں موجود ہوتی ہیں، داخل ہوتے ہی دروازے کے قریب نصب ہوتی ہیں۔ ٹکٹ کو پنچ کرنا مت بھولیئے کیونکہ ایسا نہ کرنے کی صورت میں آپ کے پاس کوئی جائز ٹکٹ شمار نہیں ہوگا اور آپ کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا (60 یورو)۔ 4 ٹکٹ والے پیکج ٹکٹ کے ساتھ 4 افراد اکٹھے سفر کر سکتے ہیں تاہم ہر ایک ایک فرد کے لئے ایک ایک پٹی کو پنچ کرنا ضروری ہوگا۔

توجہ طلب بات: یہ ٹکٹ الیس بان (ٹرین) میں بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ یہاں پر ٹکٹ کو پنچ کرنے والی آٹو میٹک مشینیں ٹرین کے اندر نہیں بلکہ پلیٹ فارم پر اندر داخل ہونے والے راستوں پر نصب ہیں (گاڑی کے اندر نہیں ہے!)۔ اگر 5 افراد پر مشتمل ایک گروپ سفر کرنا چاہتا ہے تو اُس صورت میں گروپ ڈے ٹکٹ نکالنا بہتر ہے اس سے فائدہ رہے گا۔ ایک گروپ ڈے ٹکٹ (دن بھر کا ٹکٹ ایک گروپ کے لئے) 2 زون کے لئے کی قیمت 11,80 یورو ہے، 3 زون کے لئے 16,40 یورو ہے اور پورے VVS علاقہ کے لئے 19,30 یورو میں خریدا جا سکتا ہے۔ اس ٹکٹ کے ساتھ آپ 5 افراد پر مشتمل ایک گروپ کی شکل میں متعلقہ زون میں دن بھر یعنی ایک پورے دن کے لئے کئی مرتبہ آجا سکتے ہیں یعنی سفر کر سکتے ہیں کئی مرتبہ۔

اگر آپ اکیلے ایک دن میں کئی مرتبہ سفر کرنا چاہتے ہیں تو پھر دن بھر کا ٹکٹ (ڈے ٹکٹ) نکالنا فائدہ مند رہے گا۔

اس ڈے ٹکٹ کے ساتھ آپ اُس متعلقہ زون میں دن بھر کئی مرتبہ آنے جانے کا سفر اختیار کر سکتے ہیں۔ایک دن بھر کا ٹکٹ (ڈے ٹکٹ) ایک شخص کے لئے 2 زون شامل ہیں 6,80 یورو کا آئے گا، 3 زون کے لئے 10,80 یورو میں خرید ا جا سکتا ہے اور تمام علاقہ کے لئے جہاں یہ ریل VVS جاتی ہے 15,00 یورو میں خرید ا جا سکتا ہے۔

تمام ٹکٹیں آٹو میٹک ٹکٹ مشینوں سے جو سٹاپوں پر نصب ہیں پیسے ڈال کر نکالے یعنی خریدے جا سکتے ہیں۔اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو کسی کو مدد کرنے کی درخواست کریں۔

اگر آپ 21 سال سے کم عمر ہیں (اور سکول کی رعایت حاصل نہیں ہے) اُس صورت میں گروپ پاس ''جونیئر ٹکٹ'' خریدنا بہتر ہوگا۔ یہ رعایتی پاس ٹکٹ مہینے کے لئے 21,30 یورو میں بن جاتا ہے اور تمام علاقہ Net کے لئے لاگو ہوگا۔اس پر آپ سوموار سے جمعہ تک دوپہر 2 بجے کے بعد سفر کر سکتے ہیں اور اسی طرح سے ہفتہ اتوار اور سرکاری چھٹی کے دن تمام دن کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

4.2 ایسلنگن کی جانب سفر

ایسلنگن (Esslingen) صرف بسیں جاتی ہیں۔آپ کو 2 زون کا ٹکٹ خریدنا ہوگا (قیمتیں اُوپر درج ہیں)۔آپ ٹکٹ (4 ٹکٹ پیکج بھی) بس کے ڈرائیور سے خرید سکتے ہیں (پنچ کرنے کے لئے بس میں انتظام موجود ہے)۔

بس نمبر131:	Brunnwiesenstraße	برون ویزن شٹراسے
بس نمبر119/129:	Wilhelmstraße	ولہیلم شٹراسے
بس نمبر1120/122:	Jahnstraße	یان شٹراسے

4.3 بادن وورٹمبرگ ٹکٹ

بادن وورٹمبرگ ٹکٹ صبح 9 بجے سے لیکر رات 3 بجے تک کارآمد ہے۔اس ٹکٹ پر آپ صوبہ بادن وورٹمبرگ میں ان ٹرینوں گاڑیوں پر سفر کر سکتے ہیں۔

IRE, RE, RB, S-Bahn, Nahverkehrszüge

انٹر ریجنل، ریجنل ٹرین، ایس بان اور محدود ٹریفک والی ٹرینیں۔اسی طرح سے تمام بسوں میں بھی۔

بادن وورٹمبرگ ٹکٹ انٹر سٹی، یورپین سٹی اور انٹر سٹی ایکسپریس ٹرینوں IC, EC, ICE کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔اگر کوئی بادن وورٹمبرگ ٹکٹ کے ساتھ ان ٹرینوں میں سفر کرتا ہوا چیک ہو گیا تو اُسے 60 یورو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔اس کے ساتھ اُسے اضافی ٹکٹ کی رقم بھی ادا کرنی ہوگی۔بادن وورٹمبرگ ٹکٹ پر 5 افراد تک سیکنڈ کلاس میں سفر کر سکتے ہیں۔

4.4 بغیر ٹکٹ سفر کرنا۔جائز، لاگو ٹکٹ کا نہ خریدنا

بس اور ریل میں اکثر و پیشتر چیکنگ کی جاتی ہے۔چیک کرنے والے لوگ کسی وردی میں یا یونیفارم پہن کر نہیں آتے۔اصل ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے پر 60 یورو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

ایسی صورت میں: آپ کو اُنہیں اپنا شناختی کارڈ کا غذات دِکھانے ہوں گے، آپ کا نام پتہ درج کر لیا جائے گا اور آپ کو ایک کاغذ دیا جائے گا جس پر ادائیگی کا مطالبہ درج ہوگا۔آپ اپنا سفر جاری رکھ سکتے ہیں تاہم 2 ہفتوں کے اندر اندر آپ کو جرمانہ کی یہ رقم ادا کرنی ہوگی۔ آپ یہ ادائیگی SSB کے دفتر واقع شارلوٹن پلاٹس Charlottenplatz جو کہ انڈر گراونڈ گاڑیوں کے لئے ہے وہاں کر سکتے ہیں یا پھر بڑی گاڑیوں اور ایس بان (S-Bahn) کے لئے یہ ادائیگی سٹٹگارٹ سنٹرل ریلوے سٹیشن یا ایسلنگن میں کر سکتے ہیں۔آپ یہ جرمانہ بینک کے ذریعہ بھی ٹرانسفر کر کے ادا کر سکتے ہیں۔یہ تمام معلومات آپ کو اُس جرمانہ والی ٹکٹ و فارم جس میں ادائیگی کا مطالبہ درج

ہوگا پر بھی لکھی ہوئی مل جائیں گی۔ یہ بات ممکن ہوسکتی ہے کہ تحریری طور پر درخواست کی صورت میں یہ جرمانہ پہلی مرتبہ (انڈر گراؤنڈ کے لئے) معاف کردیا جائے لیکن یہ کوئی یقینی بات یا قانون نہیں ہے۔ جب آپ کا نام پتہ رجسٹر کرلیا گیا ہے اور آپ تیسری مرتبہ بغیر ٹکٹ پکڑے گئے تو آپ پر مقدمہ درج کرلیا جائے گا۔ اِس صورت میں نہ صرف زیادہ جرمانہ ہوگا بلکہ عدالت آپ کو جیل بھجوانے یعنی قید کی سزا بھی سُنا سکتی ہے۔ ٹرین یا بس میں براہ کرم بغیر ٹکٹ سفر نہ کریں۔ آپ کے لئے یہ خطرہ بہت بڑا ہے۔

مقدمہ درج ہونے کی صورت میں نتائج سنگین ہوسکتے ہیں۔

تفریری کارروائی آپ کے اسائلم سیاسی پناہ کے کیس کے لئے بُرے نتائج کی حامل ہوگی۔ آپ کو آپ کا شناختی کارڈ اور دیگر کاغذات اجازت نامہ وغیرہ اُس وقت واپس کیا جائے گا جب تفریری کاروائی اور عدالتی مقدمہ کی کاروائی مکمل ہوچکی ہوگی۔ یہ بات تمام جرائم کے معاملات میں لاگو ہوگی۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے پاس صرف ایک سادہ تصدیق نامہ ہوگا اور الیکٹرونک شناختی کارڈ نہیں ہوگا۔ ایسا کام کرنے سے پھر کیا فائدہ!

5 صحت

5.1 ڈاکٹر سے طبّی مشورہ اور وزٹ

اسائلم یعنی سیاسی پناہ کے کیس چلنے کے دوران آپ کو شدید بیماری کی صورت میں انشورنس کی سہولت حاصل رہے گی۔ ہائیم کے انچارج (مسٹر مائر) ڈاکٹر کے پاس جانے کے لئے ہیلتھ انشورنس واؤچر بنا کردیں گے جس کے بعد آپ فیملی ڈاکٹر کے پاس جا سکیں گے۔ آج کل مشترکہ قیام گاہ رویئت Ruit میں ڈاکٹر کرائسر Dr. Crasser ہیں جن کا کلینک (رُس برگ شٹراسے Rossbergstr. 2 نمبر 2) فون نمبر 0711/447373 واقع ہے اور ڈاکٹر بوش Dr. Bosch ہیں جن کا ایڈریس کرونین شٹراسے نمبر 30 ہے (Krnenstr. 30) فون نمبر 0711/4411828۔

سوشل ورکر خواتین اور مرد آپ کو فیملی ڈاکٹروں کے نام سے آگاہ کریں گے جو اوسٹ فِلڈرن میں مقیم ہیں۔ضرورت پڑنے پر فیملی ڈاکٹرز آپ کو کسی سپیشلسٹ ماہر ڈاکٹر کے پاس مزید چیک اَپ کے لئے ٹرانسفر کریں گے یعنی بھجوائیں گے۔

اس کے لئے آپ کو ایک ٹرانسفر واؤچر دیا جائے گا جو آپ سوشل ورکر آج کل محترمہ سونیا سامبیتھ ویبر (Sonja Sambeth-Weber) کو لا کر دکھائیں گے۔اس واؤچر کی ادائیگی کے لئے سوشل ورکر ہیلتھ سروس ڈیپارٹمنٹ کی منظوری (دفتر کمشنر) سے حاصل کریں گی۔اگر آپ اس منظوری کے بغیر سپیشلسٹ کے پاس جائیں گے تو تمام ادائیگی آپ کو خود کرنی ہوگی۔جب کمشنر کے دفتر سے سپیشلسٹ سے مشورہ کی منظوری حاصل ہو جائے گی تو سوشل ورکر متعلقہ ڈاکٹر سے معائنہ کے لئے وقت لے گی اور ایک رضا کار کارکن تنظیم اسائلم سے آپ کے ہمراہ وہاں جائے گا۔

5.2 ڈاکٹری نسخہ والی ادویات

ڈاکٹر کی لکھی ہوئی ادویات میں سے صرف چند ایک کی قیمت ہیلتھ انشورنس ادا کرتی ہے۔آپ کو بھی کچھ رقم کی ادائیگی کرنی ہوگی۔بطور سیاسی پناہ گزین آپ کو اس اضافی ادائیگی سے چھوٹ مل سکتی ہے کیونکہ آپ کے پاس پیسے کم ہوتے ہیں۔اس سلسلہ میں آپ تحریر یا خط سوشل ورکرز سے حاصل کریں گے۔میڈیکل سٹور پر جانے سے پہلے اور دوائیاں خریدنے سے پہلے یہ خط حاصل کرلیں۔ یہ خط ہر 3 ماہ کے بعد نیا جاری ہوتا ہے یعنی صرف 3 مہینے تک کارآمد ہے۔تمام ادویات مُفت نہیں مل سکتیں۔ یہ اس اَمر پر منحصر ہے کہ ادویات میں کونسے محلول یا مواد شامل ہیں۔ڈاکٹری نسخہ میں بائیں طرف اُوپر دو خانے بنے ہوتے ہیں ''فیس / اخراجات کے بغیر'' پر اگر کاٹا لگا ہو تو فیس سے چھوٹ والے سرٹیفکیٹ کے ساتھ اس کے اخراجات سے چھوٹ مل جاتی ہے۔عام طور پر ایسے نسخے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔

5.3 دوسری ادویات

ایسی ادویات بھی ہیں جو ڈاکٹری نسخے کے بغیر بھی میڈیکل سٹور سے خریدی جا سکتی ہیں۔ یہ عام طور پر درد سے نجات کی دوائیاں ہیں (سر درد، نزلہ زکام)۔میڈیکل سٹور والوں سے کہیں آپ کو کس قسم کی دوائی چاہیئے۔وہ آپ کو دوا تجویز کردے گا جس کے لئے ڈاکٹر کے نسخے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ دوائیاں آپ کو خود خریدنی پڑیں گی۔ بہت سے سیلز مین میڈیکل سٹوروں میں انگریزی بول لیتے ہیں۔

6 مصرف۔استعمال

6.1 فیملی پاس

سٹی آفس پبلک آفس سے ایک فیملی پاس حاصل کریں۔اس کے ذریعے آپ کو متعدد مراعات حاصل ہوں گی:

- 50 فیصد رعایت سوئمنگ پول نیلنگن شہر، انڈور سوئمنگ پول کینٹ میں اور اوپن ایئر سوئمنگ پول ڈینکن ڈورف Denkendorf میں۔
- 50 فیصد رعایت پبلک اوپن سکول VHS اور میوزک سکول میں مثلاً زبان کے کورسز کے لئے
- 50 فیصد رعایت شہر کے تمام تقریبات کے لئے
- شہر کی لائبریری میں پورے سال کی فیس صرف 8 یورو ہوگی۔

6.2 معاہدے، خصوصی پیشکش

ایک معاہدہ کر لینا جلد از جلد ایک اچھی بات ہے۔معاہدہ کو ہمیشہ پہلے گھر لے جائیں، اُس پر غور کریں، قیمتوں کا موازنہ کریں دوسروں کے ساتھ جو یہی آفر دے رہے ہیں، ایسی تنظیموں یا دوکانوں کی قیمتوں کو دیکھیں جو یہی پروڈکٹ بیچ رہی ہیں یا آفر کر رہی ہیں اور پھر کسی شخص سے مشورہ مانگیں۔اگر کوئی سیلز مین آپ کو کوئی خصوصی پیشکش کرتا ہے جو صرف اُسی دن کے لئے ہو (ہینڈی، موبائل فون والے) اُن سے محتاط رہیں اور معاہدہ کو غور سے پڑھیں اور جانچیں۔اکثر ایسے معاملات میں دھوکہ دہی اور فریب ہوتا ہے اور آپ کو پھانسنے کے بہانے ہوتے ہیں اور شرائط ناجائز لکھی ہوئی ہوتی ہیں۔وقت کی کمی اور دباؤ کا بہانہ کر کے سیلز مین آپ کو مجبور کرے گا کہ آپ دوسری دوکانوں سے قیمت کا موازنہ نہ کر سکیں۔

6.3 موبائل ٹیلیفون

جو کچھ اس سے قبل پیراگراف 6.2 میں کہا گیا ہے وہ سب موبائل ٹیلیفونز کے لئے لاگو ہوتا ہے یعنی پورا اُترتا ہے۔اگر کوئی شخص آپ کو مجبور کرتا ہے کہ معاہدہ پر فوراً دستخط کر دو تو آپ غیر معمولی طور پر یعنی بالکل محتاط رہیں اور ہرگز ایسا کام جلد بازی میں نہ کریں۔اکثر معاملات میں ایک مہنگا فون (موبائل) مفت ساتھ دیا جا رہا ہوتا ہے مگر معاہدہ بہت مہنگا یعنی مہنگی فیس کے ساتھ کیا جا رہا ہوتا ہے۔

ضروری بات: یہ معاہدہ وقت اور معیاد سے پہلے ختم نہیں کیا جا سکتا، یہ ہمیشہ 24 مہینوں کے لئے ہوتا ہے!

سب سے اچھی بات تو یہ ہے کہ کسی قسم کے معاہدہ پر دستخط نہ کیے جائیں بلکہ ایک پری پیڈ کارڈ اور معاہدہ کے بغیر والا فون خریدا جائے (یعنی کارڈ والا فون)۔

اگر آپ معاہدہ والا موبائل فون خریدیں گے تو پھر اُس کمپنی کا سم کارڈ (SIM کارڈ) ہی استعمال کر سکیں گے جس کے ساتھ معاہدہ طے پایا ہے۔کسی دوسری کمپنی کا سم SIM کارڈ آپ کے فون میں نہیں ڈالا جا سکے گا نہ ہی استعمال ہو سکے گا۔

ہمیشہ قیمتوں کا جائزہ لیں۔اس کا بہت فائدہ ہے! جو کچھ آفر کیا جا رہا ہے اُسے غور سے دیکھیں۔ٹیلیفون کے چارجز تمام Nets میں، صرف چند سپلائز، ایس ایم ایس، انٹرنیٹ فلیٹ ریٹ وغیرہ۔تمام باتوں کا بغور جائزہ لیں۔

6.4 ٹافل شاپ۔سستی مارکیٹ

سیاسی پناہ کی درخواست دینے والے اور مہاجرین نیز وہ لوگ جن کی آمدنی بہت کم ہے نیلنگن (Nellingen) کے علاقہ میں ڈیاکونی و ٹافل شاپ میں جو ہنڈن بُرگ شٹراسے 48 (Hindenburgstraße 48) پر واقع ہے۔

یہاں خریداری کے لئے آپ کو ایک خصوصی پاس درکار ہے، ہائیم کے سوشل ورکر سے اس شناختی کارڈ کے لئے بات کریں۔ ٹافل شاپ میں چیزیں سستی ہیں مگر محدود ہوتی ہیں کیونکہ وہاں صرف عطیہ جات کی صورت میں اشیاء وصول کی جاتی ہیں (کپڑے، لباس اور چھوٹے بچوں کے کھلونے وغیرہ) فروخت کیے جاتے ہیں، اسی طرح سے اشیاء خورد ونوش (کھانے پینے کی چیزیں) وہاں ملتی ہیں قیمتاً مگر سستی جو کہ مختلف دوکانوں یا سپر مارکٹوں والے عطیئے کے طور پر بھجواتے ہیں۔

شاپ کے اوقات:

سوموار، منگل، جمعرات اور جمعہ

9 سے 12:30 تک اور دوپہر 2 بجے سے شام 5:30 بجے تک

بدھ کے دن 9 سے 12:30 بجے تک

6.5 آلڈی اور لیڈل مارکیٹیں

آلڈی اور لیڈل مارکیٹیں سوموار اور جمعرات کو بہت سی چیزوں پروڈکٹس کی خصوصی آفرز پیشکش لگاتی ہیں۔ یہ آفرز پیشکش آپ کو انٹرنیٹ میں مل جائیں گی، لیف لیٹ پر لکھی ہوئی ہوں گی جو کہ ان شاپس پر رکھی گئی ہوتی ہے، اسی طرح سے اُن کے بنے ہوئے نوٹس بورڈ نمائش بورڈ پر بھی جو وہاں آویزاں ہوتے ہیں۔

خصوصی آفرز بہت سی مفید چیزوں کے ساتھ گاہکوں کے لئے کرتی ہیں۔ یہ معلومات آپ کو مارکیٹ میں چھپے ہوئے فلائر پر مل جائیں گی۔ مارکیٹ کے باہر نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں ہوتی ہیں۔ ان کی قیمتیں دوسری دوکانوں کے مقابل پر بے حد سستی ہوتی ہیں تاکہ صرف اُسی ہفتے کے دوران جس میں یہ فروخت کے لئے پیش کی جاتی ہیں، تاریخ کو نوٹ کریں!

اگر آپ کو ان اشیاء میں دلچسپی ہو تو فوراً خرید لیں کیونکہ کبھی کبھار یہ چند گھنٹوں کے اندر اندر مکمل طور پر فروخت ہو جاتی ہیں۔

6.6 پوسٹ کے ذریعے ڈلیوری / وصولی

اگر آپ کوئی شے انٹرنیٹ کے ذریعے آرڈر کریں تو بہتر ہے کہ ہر صورت میں جب یہ چیز ڈلیور کی جائے تو آپ گھر میں ہوں۔ اگر اُس وقت گھر پر نہ ہوں گے تو ڈاکیا یہ سامان ڈاکخانہ واپس لے جائے گا اور آپ کو ایک اطلاعی خط یا کارڈ لکھ کر اطلاع دے جائے گا۔ پوسٹ آفس روئیٹ Ruit کا پتہ کرونین شٹراسے 30 (Kronenstraße 30) ہے۔ اپنا پیکٹ وصول کرنے کے لئے آپ کو اپنا شناختی کارڈ ساتھ لانا ہوگا۔ مگر **مسئلہ** یہ ہے کہ آپ کو ملا ہوا قیام کی اجازت والا شناختی کارڈ نہیں مانا جاتا۔ اس طرح سے آپ اپنی چیزیں وصول نہیں کر سکتے! صرف ایک ہی حل ہے اور وہ یہ کہ جس وقت چیزوں کا پیکٹ آئے تو آپ گھر پر یا پھر یہ کہ جس چیز کی آپ کو ضرورت ہے وہ آپ کسی دوکان سے خریدیں۔

7 بینک اکاؤنٹ

7.1 بینک کارڈ اور پن PIN

کبھی بھی اپنا بینک کارڈ یا پن نمبر کسی دوسرے کو مت دیں! اپنے بینک کیش مشین سے جب رقم نکالنی تو ہی اُس طرف جائیں۔ کسی دوسرے بینک کی کیش مشین سے رقم نکلوانے کے لئے آپ کو کچھ فیصد رقم بطور فیس ادا کرنی ہوگی کم از کم 5 یورو فیس ضرور ہوگی۔ اپنے بینک کے کارڈ کے پچھلی طرف اپنے دستخط کرلیں جب یہ کارڈ آپ کو وصول ہو جائے یا تھما دیا جائے۔ آپ کے دستخط وہی ہونے چاہئیں جو دستخط آپ نے اپنے شناختی کارڈ پر Ausweis پر کیے ہوئے ہیں کیونکہ خریداری کے موقع پر یہ دستخط موازنہ کر کے دیکھے جاتے ہیں۔ اگر کسی بینک کارڈ پر دستخط موجود نہ ہو تو یہ کارڈ غلط طور پر استعمال ہو سکتا ہے۔

7.2 اکاؤنٹ سٹیٹمینٹس

مہینے میں ایک مرتبہ اپنے بینک کے اکاؤنٹ سٹیٹمینٹس حاصل کیا کریں۔ آپ یہ سٹیٹمینٹس خود ہی بینک کی مشین سے پرنٹ کر کے حاصل کر سکتے ہیں، اس پر کوئی فیس نہیں ہوتی۔ اگر آپ یہ سٹیٹمینٹس حاصل نہیں کرتے تو بینک والے آپ کو بذریعہ ڈاک گھر بھجوائیں گے اور اس کے لئے ایک یورو کا خرچ آپ کو ڈال دیں گے۔

<u>اہم بات:</u> تمام بینک اکاؤنٹ سٹیٹمینٹس کو سنبھال کر رکھیں بلکہ ایک چھوٹی سی فائل میں لگا دیں جو آپ کو بینک سے مل سکتی ہے۔ آپ کو ان سٹیٹمینٹس کی ضرورت جاب سنٹر کے لئے پیش آئے گی۔ جاب سنٹر پچھلے 3 ماہ کے بینک کے اکاؤنٹ سٹیٹمینٹس دیکھنا چاہے گا جب آپ کا کیس منظور ہو جائے گا اور آپ اپنی رجسٹریشن کروانا چاہیں گے۔ اگر آپ کے پاس یہ اکاؤنٹ سٹیٹمینٹس موجود نہ ہوں تو بینک سے نقل فراہم کرنے کی درخواست کریں۔ بینک والے ہر نقل کے لئے فیس مانگیں گے جو کم از کم 2,50 یورو فی نقل ہوگی۔

<u>ایک اور اہم بات:</u> یہ ہے کہ اکثر بینک اکاؤنٹ رکھنے کے لئے ماہوار 2,50 یورو فیس مانگتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ جب بھی بینک سے رقم نکلوائیں تو آپ کے اکاؤنٹ میں کم از کم 10 یورو بروقت موجود رہنے چاہئیں! جب تک آپ کو اسائلم والوں کے بینیفیٹ کی کیش رقم مل رہی ہے اس رقم کو بینک میں ڈالتے جائیں ورنہ آپ کا اکاؤنٹ منفی میں چلا جائے گا اور آپ کو سُود ادا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ کی رقم اسائلم بینیفیٹ جو کہ کمشنر کے دفتر سے ادا ہو یا براہ راست آپ کے اکاؤنٹ میں آ رہی ہو تو اُس صورت میں تمام رقم یا پیسے بینک سے مت نکلوائیں۔ کم از کم 10 یورو اکاؤنٹ میں رہنے دیں۔

<u>**نقد ادائیگی بہتر ہے کارڈ کے ذریعے ادائیگی سے**</u>

خریداری کرتے ہوئے بہتر ہے کہ آپ نقد ادائیگی کریں۔ اگر آپ بینک کارڈ کے ذریعے ادائیگی کرتے ہیں تو اس بات کا خیال رکھیں کہ کافی رقم اکاؤنٹ میں موجود رہے۔ اگر آپ کو اس کا علم نہیں ہے تو اکاؤنٹ کا بیلنس چیک کرنے کے لئے بینک کی مشین پر جائیں اور ایک اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ پرنٹ کرلیں۔ اگر آپ بینک کارڈ کے ذریعہ ادائیگی کریں اور اکاؤنٹ میں مناسب رقم موجود نہیں تو وہ دوکان آپ کے بینک سے کوئی رقم حاصل نہیں کر سکے گی جہاں سے آپ نے چیزیں خریدی ہیں۔ یہ بات آپ کے لئے بہت مہنگی ثابت ہوگی۔ بینک والے اُس دوکان سے بل واپس بھجوانے کے چارجز لگائے گا جو آپ کو ادا کرنے ہوں گے۔ یہ 2,50 یورو سے لے کر 3 یورو تک ہوں گے۔ علاوہ ازیں دوکان والے بل کی عدم ادائیگی کے باعث آپ سے 10 یورو فیس کا مطالبہ کریں گے۔

ٹِپ / مشورہ: اگر آپ کا ڈیبٹ ایڈوائس پے نہ ہو سکے تو <u>جلد از جلد کاروائی کریں</u>۔ اگر آپ چند دنوں کے اندر اندر تمام بقایاجات کی ادائیگی کر دیں تو اضافی چارجز نہیں دینے پڑیں گے یا بہت کم فیس چارجز لگیں گے۔ اگر دوسری مرتبہ کوشش میں بھی ادا نہ کر سکیں گے تو پھر آپ کو مہنگا پڑے گا۔ فیس اور چارجز بہت بڑھ جائیں گے اور اضافی چارجز بھی لگ جائیں گے۔ ایک پرچہ آپ کے خلاف دھوکہ دہی کے الزام میں بھی کٹ جائے گا۔

8 دستاویزات / کاغذات

8.1 شناختی کارڈ (آئی ڈی کارڈ)

آپ کو اجازت ہوگی کہ پہلے تین مہینوں میں عارضی اجازت نامہ اور قیام کا اجازت نامہ کے ساتھ صوبہ بادن وورٹمبرگ میں اور بعد میں جرمنی میں کہیں بھی آ جا سکیں۔ اگر آپ اس شناختی کارڈ کو ہمراہ نہیں رکھیں گے تو پولیس چیکنگ و کنٹرول کے دوران مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ جرمانہ کی سزا ہو سکتی ہے۔سیاسی پناہ گزین یا مہاجر کے طور پر وفاقی ادارہ برائے مہاجرین و پناہ گزین کا لسروئے اگر آپ کو قبول کر لیتا ہے یعنی آپ کا کیس منظور ہو جاتا ہے تو آپ کو ایک عارضی شناختی دستاویزی کارڈ جاری کیا جائے گا جو عبوری طور پر بطور شناختی کارڈ استعمال ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی آپ اپنے نئے حقوق حاصل کر سکیں گے۔آپ جرمنی بھر میں آزادانہ طور پر ہر جگہ جا سکیں گے۔ یہ عارضی شناختی کارڈ تین ماہ کے لئے لاگو ہوگا۔اس مدّت کے دوران آپ کو باقاعدہ قیام کا اجازت نامہ حاصل ہو چکا ہوگا اور ایک پناہ گزین پاسپورٹ بھی۔
عارضی اجازت نامہ کی مدت بڑھوانی ہوگی۔اگر یہ مدت معینہ مدت کے دوران نہ بڑھوائی گئی تو جرمانہ کی ادائیگی کرنی ہوگی۔

یہ شناختی آئی ڈی کارڈ پلاسٹک جیکٹ میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔یہ پلاسٹک جیکٹ 50 سینٹ میں ڈرگ سٹور پر دستیاب ہے۔ڈرگ سٹور مؤلر Müller جو کہ سٹی ہاؤس کے بالمقابل واقع ہے۔

<u>مہاجرین کا پاسپورٹ</u> بنوانے کی فیس 59 یورو ہے (24 سال کی عمر تک 37,50 یورو) اور اس کے لئے آپ کو رہنے کی باقاعدہ اجازت، پاسپورٹ سائز فوٹو ایک عدد بائیومیٹرک درکار ہیں۔یہ تصاویر تقریباً 7 یورو سے لے کر 15 یورو تک کسی فوٹوگرافر کے پاس بنوائی جا سکتی ہیں۔جونہی آپ کو یہ پاسپورٹ برائے مہاجرین مل جائے آپ ہائیم کو خیر باد کہ دیں۔خبردار یہ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ ایسا پہلے بھی عمل میں آ سکتا ہے، عام طور پر قانون کی روشنی میں کیس منظور ہونے کے بعد ایک ماہ سے لے کر 2 ماہ تک۔اس کے ساتھ ہی آپ کی زندگی میں نئے چیلنجز کا ایک نیا دَور اور ایک نیا باب شروع ہو جائے گا۔

8.2 غلط استعمال اور دھوکے سے بچاؤ

کبھی بھی اپنا شناختی کارڈ اور بینک کارڈ کسی دوسرے شخص کے حوالے نہ کریں۔کوئی بھی شخص جسے آپ کے نام پتہ، کوائف کا علم ہے اور آپ کے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کا علم ہے، اس کا غلط استعمال کر سکتا ہے اور خاص طور پر انٹرنیٹ میں آپ کے نام سے موبائل فون خرید سکتا ہے یا آپ کے نام پر معاہدے کر سکتا ہے۔کبھی بھی اپنا شناختی کارڈ یا بینک کارڈ باہر پڑا نہ رہنے دیں جہاں ہر ایک کی نظر پڑتی ہو۔ان کی تصاویر بنائی جا سکتی ہیں اور یہ معلومات غلط طور پر استعمال کی جا سکتی ہیں۔ان سے بالخصوص انٹرنیٹ میں چیزیں خریدی جا سکتی ہیں یا معاہدے کنٹریکٹ کیے جا سکتے ہیں۔اپنے کاغذات دستاویزات اپنے پاس ساتھ رکھیں یا پھر انہیں محفوظ کر کے، بند کر کے رکھا جائے۔

9 انصاف / عدالتیں

اگر آپ قابل سزا کام کریں گے جیسے نشہ آور اشیاء کا استعمال، نشہ آور اشیاء کی تجارت یا چوری چکاری تو صرف کچھ ہی عرصہ میں پولیس آپ تک پہنچ جائے گی۔ ڈرگس کے استعمال اور انکی خرید وفروخت پر جرمنی میں پابندی ہے اور پولیس ان کا پیچھا کرتی ہے، سراغ لگاتی ہے اور کاروائی کرتی ہے۔ اگر آپ کو سزائیں ہوگئیں تو آپ جرمنی میں اپنے رہنے کی اجازت کو خطرے میں ڈال رہے ہوں گے۔ اگر سزا کے طور پر آپ کو جیل بھجوایا گیا تو پولیس کے کیریکٹر سرٹیفکیٹ میں بھی اس کا اندراج ہو جائے گا۔ کام دینے والے آجر ملازمت دینے سے پہلے اس سرٹیفکیٹ کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ پھر ملازمت حاصل کرنے کے مواقع اچھے نہیں رہیں گے۔ پولیس کی تمام رپورٹیں اور تحقیقات سے متعلق معلومات لمبا عرصہ پولیس رجسٹر میں محفوظ رہیں گی۔

9.1 پولیس

پولیس کو ایمرجنسی نمبر 110 پر 24 گھنٹے کال کیا جا سکتا ہے۔ پولیس نہ صرف مجرموں کو پکڑتی ہے بلکہ اُن کے جرم کو بے نقاب کرتی ہے۔ پولیس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ لوگوں کو چیک کر سکے اس لئے ضروری ہے کہ اپنی ایک شناختی دستاویز ہمراہ رکھیں۔ ٹریفک کے حادثات میں پولیس کو بلانا ہوتا ہے اور پولیس کا انتظار کرنا ہوتا ہے۔ جرمنی میں پولیس آپ کی مددگار ہے اور آپ سے تعاون کرتی ہے۔ آپ پولیس سے مشورہ حاصل کر سکتے ہیں، مدد لے سکتے ہیں جب آپ کو کوئی دھمکی دی جا رہی ہو یا آپ کو کسی نے قابل سزا جرم کے ذریعہ نقصان پہنچایا ہو۔ آپ قابل سزا جرم کے بارے میں بھی پولیس کو قابل اعتقاد معلومات دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے واقعہ میں گواہ ہیں تو بغیر تاخیر کے پولیس کو اپنا بیان ریکارڈ کروادیں۔ اس طرح سے جرم کا پتہ چلانے میں مدد ملتی ہے اور مجرموں کو سزا دینے میں بھی مدد حاصل ہوتی ہے۔ پولیس قانون اور ضابطہ کے اندر رہ کر کام کرنے کی پابند ہے۔

10 کام/ملازمت

کام کرنے کی اجازت کے لئے درخواست 3 ماہ کے قیام کے بعد آپ دفتر برائے غیر ملکی افراد میں دے سکتے ہیں۔ ملازمت ملنے کا موقع البتہ بہت کم ہے کیونکہ آپ ممکنہ طور پر جرمن زبان نہیں بولتے۔ اس لئے ایسے مواقعوں کو استعمال کریں جو کہ آپ کو سٹی کی طرف سے یا کلبوں کی جانب سے مہیّا کیے جاتے ہیں جہاں ایک یورو جاب دیئے جاتے ہیں۔ یہ آسان کام ہوتے ہیں جیسے سامان کو ترتیب سے لگانا، سمیٹنا، وائنڈ اَپ، صفائی کرنا، گھاس کاٹنا، باڑ درست کرنا وغیرہ جس کے لئے جرمن زبان کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ آمدنی (زیادہ سے زیادہ 84 یورو) بغیر کٹاؤ کے آپ رکھ سکتے ہیں، اس کے ساتھ ہر ماہ 40 گھنٹے سوشل سروس کام کے نتیجہ میں VVS کا ایک ٹکٹ بھی ملتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کچھ نہ کچھ جرمن بھی سیکھ لیتے ہیں۔

ذمہ دار افراد:

سٹی اوسٹ فلڈرن	یورگ بیرر	Jörg Berrer
فون نمبر	0711-3404120	
سوشل ورکر	پیٹرزیلش	Peter Zillich
موبائل فون	0170-9956245	

Stadt Ostfildern, Jörg Berrer, Telefon 0711/34-04-120

Sozialarbeiter Peter Zillich, mobil 0170/99 56 245 , Laura Haverkamp , mobil 0151/19 33 65 14

Freundeskreis Asyl, Rüdiger Bachmann, E-Mail cr.bachmann@gmx.de

11 طے شدہ مقررہ وقت ۔اپوئنٹمینٹ

اگر آپ نے سرکاری دفتر کے ساتھ وقت طے کیا ہوا ہے یا جاب سنٹر کے ساتھ یا ڈاکٹر کے پاس جانے کے لئے تو آپ کو وقت کی پابندی کرنی ہوگی۔ یہ بات جرمن سبق و تدریس کے لئے بھی لاگو ہوگی اور اسی طرح سے ذاتی ملاقاتوں کے لئے بھی مثلاً کھانے کی دعوت وغیرہ کے لئے بھی۔اگر آپ طے شدہ وقت پر نہ آسکتے ہوں تو اُسے منسوخ کرنے کی اطلاع کریں اور نیا وقت طے کریں۔ڈاکٹر اور خاص طور پر سپیشلسٹ ڈاکٹر مقررہ وقت جو آپ کو دیا گیا نہ آنے پر 40 یورو فیس کا مطالبہ کرتے ہیں اگر آپ نے بروقت اُنہیں اپنے نہ آنے کی اطلاع نہ دی ہو اور آپ وہاں حاضر نہ ہوئے ہوں۔

12 خط و کتابت

وقت کے ساتھ ساتھ آپ کو بہت سے خطوط، کاغذات، فارم اور ڈاکومنٹ دستاویزات ملنی شروع ہو جائیں گی۔ یہ تمام خط و کتابت آپ کو مستقبل میں مزید آگے قدم بڑھانے کے لئے سنبھال کر رکھنی ہوگی۔ آپ کی آمد پر آپ کو حلقہ احباب فرینڈز سرکل اسائلم کی جانب سے ایک فائل آپ کی دستاویزات و خط و کتابت کو محفوظ کرنے کے لئے یعنی ریکارڈ میں لگانے کے لئے مہیا کی جائے گی۔ براہ کرم اپنے تمام کاغذات عناوین کی ترتیب سے اس فائل میں لگاتے جائیں۔

13 برابری / مرد عورت کا مساوی ہونا

آئین میں جرمنی میں جمہوری قانونی نظام کی اقدار اور معیارات کا تحریری تعین کیا گیا ہے۔ ان کی پاسداری کرنا ہر ایک کا فرض ہے۔ باوجود یہ کہ یہ آپکے اپنے ملک میں مروّج نہ تھیں یا وہاں ان پر پابندی تھی۔ جرمنی میں اہم اصول یہ ہیں کہ ریاست اور مذہب الگ الگ ہیں۔ مرد اور عورت کے حقوق برابر ہیں۔ زندگی کے ساتھی کا انتخاب آزادانہ طور پر کیا جا سکتا ہے۔ ہم جنس پرستی کو تسلیم کیا جاتا ہے۔
رائے کی آزادی ہے جس میں مذہب پر تنقید بھی شامل ہے۔

جرمنی میں اور اکثر یورپی ممالک میں یہ رواج ہے کہ کسی کو ملتے ہوئے ہاتھ ملایا جاتا ہے اور اُس سے رخصت ہوتے ہوئے بھی اُسے ہاتھ ملا کر رخصت کیا جاتا ہے۔ مرد اور عورتوں دونوں کے ساتھ مساوی طور پر ایسا ہی کیا جاتا ہے۔ کسی کو ہاتھ ملانے سے انکار کرنا غیر اخلاقی حرکت سمجھی جاتی ہے۔ مرد اور خواتین قانونی طور پر مساوی ہیں یعنی اُن کے حقوق برابر ہیں۔

ہنگامی کال۔ایمرجنسی نمبر

پولیس	110
فائربریگیڈ	112
میڈیکل مدد	112

ایمرجنسی سروس

اگرآپ ویک اینڈ پر یارات کوشدید بیمار ہو جائیں اور ہنگامی صورتحال میں کسی ڈاکٹر کی مدد دَرکار ہوتو روئیت میں ہسپتال کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

Notaufnahme des Paracelaus

Krankenhaus in Ruit, Hedelfinger Straße 116

Tel.: 0711/44-880

یہ ہیڈل فِنگرشٹراسے116میں واقع ہےاورفون نمبر 0711/44-880 ہے۔

نہایت مجبوری کی صورتحال میں جب آپ خودہسپتال نہ آسکتے ہوں تو ایمبولنس منگوائی جاسکتی ہے۔

ایمبولنس کے لئے 19222

سوشل ورکر:

پیٹرزیلش	Peter Zillich	فون 0170/99 56 245
لاؤراہاوَرکامپ	Laura Haverkamp	فون 0151/19 33 65 14

Kreissparkasse
Esslingen-Nürtingen